الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **SAJID**
Address :> **takht-bhai mardan**
Subject :> **AQAID**
Writer :> عبد الواحد

Serial No :> **10449**
Fatwa No :>
Date :> **12/11/2010**
Email :>

1)eddat main dosri nikah ka kia hukam hai.
2)aaq ka kia hukam hai awr ustad shagird ko konsi halat mai aaq karsakta hai mukammal tafseel ki saat tehrer karai.
3)bai w shira mi iqala ki sorat mi jo harjana(pashemani)dia jata hai uska hukam bian karai.

(1) = عدت میں دوسری نکاح کا کیا حکم ہے؟۔
(2) = عاق کا کیا حکم ہے اور استاذ شاگرد کو کونسی حالت میں عاق کرسکتا ہے مکمل تفصیل کے ساتھ تحریر کریں۔
(3) = بیع وشراء میں اقالہ کی صورت میں جو ہارجانا (پشیمانی) دیا جاتا ہے اسکا حکم بیان کریں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

(1) دورانِ عدت عورت کا دوسری جگہ نکاح کرنا شرعاً باطل اور ناجائز ہے جس سے احتراز لازم ہے۔

کما فی الفتاوی الهندیة: لا یجوز للرجل أن یتزوج زوجة غیره وکذلك المعتدة کذا فی السراج الوهاج سواء کانت العدة عن طلاق أو وفاة أو دخول فی نکاح فاسد الخ۔ (جلد ۱ ص ۲۸۰)

(2): شاگرد اگر استاذ کی بے اکرامی اور بے ادبی کرے یا جمہور علماء سے ہٹ کر کوئی عمل اور عقیدہ اختیار کرے تو ایسی صورت میں وہ شاگرد شرعاً عاق ہی شمار ہوتا ہے تاہم استاذ کے اسے عاق کرنے سے سائل کی مراد کیا ہے اگر اسکی مکمل وضاحت کرکے لکھ کر اسے دوبارہ ای میل کردیا جائے تو اس پر بھی غور کیا جاسکتا ہے۔

کما فی الشامیة: حق العالم علی الجاهل وحق الاستاذ علی التلمیذ واحد علی السواء وهو أن لا یفتتح الکلام قبله ولا یجلس مکانه وإن غاب ولا یرد علیه کلامه ولا یتقدم علیه فی مشیه الخ۔ (جلد ۶ ص ۷۵۶)

(3): اقالہ کی صورت میں اقالہ کرنے والے سے ہرجانہ لینا شرعاً ناجائز وحرام ہے اس سے احتراز لازم ہے اور اگر اس سے کوئی خاص صورت مراد ہو تو اسکی مکمل وضاحت لکھ کر دوبارہ حکم شرعی معلوم کیا جائے۔

کما فی البحر الرائق: (قوله وتصح بمثل الثمن الأول وشرط الأکثر أو الأقل بلا تعیب وجنس آخر

(جاری ہے)

لغو ولزمه الثمن الأول) وهذا عند أبي حنيفة
لأن الفسخ يرد على عين ما يرد عليه العقد فاشتراط
خلافه باطل ولا تبطل الإقالة الخ۔
(جلد ۶ ص ۱۰۴) ـــــ

واللّٰہ أعلم بالصواب

محمد عبد الواحد عفا اللّٰہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی نمبر ۱۶
۱۷ / جمادی الثانی ۱۴۳۲ھ۔

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللّٰہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۸ / ۶ / ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ سیف اللّٰہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۲ / جمادی الاخری ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
عبد الشکور [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۲ / جمادی [illegible] ۱۴۳۲ھ

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ

دار الافتاء
۱۰۴۶۹
۲۵ / ۶ / ۱۴۳۲ھ

[illegible]
28 / 5 / 11